© rasailojaraid.com

خاص انداز میں یہ سمجھایا ہے کہ صرف اردو زبان ہی ہندوستان کی واحد مشترکہ زبان قرار دیجا سکتی ہے اور جس طرح یہ زبان ہندو اور مسلمانوں کی یکجائی معاشرت اور باہمی میل جول سے پیدا ہوئی اسی طرح آج بھی اگر ہندوستان کی ان دونوں قوموں کو باہمی اشتراکِ عمل اور تعاون سے رہنا ہے تو ضروری ہے کہ ان کی زبان بھی مشترک ہو اور اس کیلئے اردو کے علاوہ کوئی اور زبان موزوں نہیں ہے۔ مقالہ بہت دلچسپ۔ مفید اور پر از معلومات ہے۔ ہندو اور مسلمان دونوں کیلئے اسکا مطالعہ مفید ہوگا۔

آغاز و انجام | از جمیل احمد صاحب کندھاپوری ایم۔اے تقطیع خورد ضخامت ۱۶۱ صفحات طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر۔ گرد پوش خوبصورت اور دیدہ زیب قیمت مجلد ۲؎ پتہ:۔ نرائن دت سہگل اینڈ سنز تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور۔

جمیل احمد صاحب اردو کے نوجوان افسانہ نگار اور ادیب ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریریں بھی عنوانِ شباب کا "الطرین" پایا جاتا ہے کہیں سوز و گداز اور درد و غم کی المناک تصویریں ہیں اور کسی جگہ حسن خیال و انبساط کی بزم آرائیاں ہیں، "آغاز و انجام" موصوف کے ہی سات مختصر افسانوں کا مجموعہ ہے۔ ان افسانوں کا موضوع زیادہ تر غریبوں کی زندگی کے بعض دردناک واقعات ہیں جو ہمارے سماج میں روزانہ پیش آتے ہیں اور ہم بسا اوقات ان سے ایسے گذر جاتے ہیں جیسے کوئی بازار کی عمارتوں پر ایک طائرانہ نگاہ ڈالتا ہوا گذر جاتا ہے یہ افسانے دلچسپ بھی ہیں اور عبرت انگیز بھی۔ ادبی لحاظ سے قابلِ قدر ہیں اور اخلاقی اعتبار سے سبق آموز بھی۔ شروع میں افسانہ نگاری پر خود صاحبِ کتاب کے قلم سے ایک پُر از معلومات مقالہ بھی ہے، جو بجائے خود مفید ہے۔ امید ہے عمر کی پختگی کے ساتھ ساتھ جمیل کے قلم میں بھی پختگی پیدا ہوگی اور وہ اپنا ایک مخصوص رنگ قائم کریں گے۔

نور و نار | از سندر شام صاحب پرویز تقطیع خورد ضخامت ۲۲۲ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر گرد پوش خوبصورت قیمت مجلد عہ پتہ:۔ نرائن دت سہگل اینڈ سنز تاجران کتب لوہاری گیٹ لاہور

© rasailojaraid.com